السنیۃ الانیفہ
فی
فتاویٰ افریقیہ
اعلیٰ حضرت مولانا
شاہ محمد احمد رضا قادری بریلوی رحمۃ اللہ علیہ
مکتبہ نوریہ رضویہ گلبرگ اے فیصل آباد

اعلیٰ حضرت مولانا
شاہ محمد احمد رضا قادری بریلوی رحمۃ اللہ علیہ

مکتبہ نوریہ رضویہ۔ گلبرگ اے فیصل آباد
041-626046

تزئین واہتمام

سیّد حمایت رسول قادری

نام کتاب ---------- فتاوٰی افریقہ

مؤلف ---------- اعلیٰ حضرت مولانا احمد رضا خان بریلوی رحمۃ اللہ علیہ

کمپوزنگ ---------- محمد حسین 0300-9414815

پروف ریڈنگ ______ محمد رب نواز سیالوی فاضل دارالعلوم نوریہ رضویہ گلبرگ فیصل آباد

صفحات ---------- 176

تاریخ اشاعت ------ اگست ۲۰۰۴ء

تعداد ---------- 1100

مطبع ---------- اشتیاق اے مشتاق پرنٹرز لاہور

ناشر ---------- مکتبہ نوریہ رضویہ فیصل آباد

قیمت ---------- -/80 روپے

ملنے کے پتے

نوریہ رضویہ پبلی کیشنز

11 گنج بخش روڈ، لاہور فون: 7313885

مکتبہ نوریہ رضویہ

گلبرگ اے فیصل آباد فون: 626046

صورتوں میں لیلٰے ہی سے نکاح ہوگیا اگرچہ اس کے اور اس کے باپ دادا سب کے نام غلط لیے گئے۔ ہاں اگر نہ عورت سے خطاب ہو نہ عورت خود متکلم نہ اس کی طرف بحالت حاضری مجلس اشارہ ہو تو اب البتہ اسے معین کرنے کی ضرورت ہوگی اور تعیین غالبًا اس کے اور اس کے باپ دادا کے نام سے ہوتی ہے جہاں صرف باپ کے نام سے تمیز کامل ہو جائے دادا کا نام ضروری نہیں ورنہ ضرور ہے اس صورت میں لازم ہے کہ اس کے انہیں باپ دادا کا نام لیا جائے جن سے وہ پیدا ہے دوسرے کا نام لیا یا بنت آدم بلاتعین کہا تو نکاح نہ ہوگا اس کے باپ دادا کا فر ہونا نکاح کے وقت ان کی طرف نسبت نسبت سے مانع نہیں جیسے سیدنا عکرمہ رضی اللہ عنہ کو ابن ابی جہل ہی کہا جاتا ہے اگرچہ وہ نہایت اخبث کافر عدو اللہ تھا اور یہ جلیل القدر صحابی سردار لشکر اسلام انہیں کے سبب حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے جنت میں ابو جہل کے لیے ایک خوشہ انگور ملاحظہ فرمایا اور اس پر تعجب ہوا کہ جنت سے ابوجہل کو کیا نسبت جس کی تعبیر عکرمہ رضی اللہ عنہ ہوئے بلکہ عمر بن خطاب وعثمان بن عفان وعلی بن ابی طالب ہی کہتے ہیں رضی اللہ عنہم اگرچہ خطاب وعفان و ابو طالب مسلمان نہ تھے یخرج الحی من المیت و یخرج المیت من الحیّ تنویر الابصار و درمختار میں ہے (۱غلط وکیلھا بالنکاح فی اسمہ ابیھا بغیر حضور ھالم یصح) للجھالۃ وکذالوغلط فی اسم بنتہ الا اذا کانت حاضرۃ واشارالیھا فیصح ردالمحتار میں ہے۲لان الغائب یشترط ذکر اسمھا اسم ابیھا وجدھا واذا عرفھا الشھود یکفی ذکر اسمھا فقط لان ذکر الاسم وحدہ لایصرفھا عن المراد الی غیرہ بخلاف ذکر الاسم منسوبا الی اب اخرفان فاطمۃ بنت احمد لا تصدق علی فاطمۃ بنت محمد

---

۱ ترجمہ عورت جلسہ نکاح میں حاضر نہیں اور وکیل نے اس کے باپ کے نام میں غلطی کی نکاح نہ ہوگا کہ عورت مجہول رہی یونہی اگر عورت کے نام میں غلطی کرے ہاں اگر عورت حاضر ہو اور اس کی طرف اشارہ کیا تو صحیح ہے ۲ اس لئے کہ جب عورت جلسۂ نکاح میں حاضر نہ ہو تو اس کا اور اس کے باپ دادا کا نام لینا شرط نکاح ہے وہاں اگر گواہ عورت کے نام ہی سے پہچان لیں تو یہی کافی ہے کہ اس سے نکاح دوسری عورت کی طرف تو نہ پھرے گا بخلاف اس کے کہ باپ کا نام بدل گیا کہ فاطمہ بنت محمد یہ فاطمہ بنت احمد صادق نہیں یونہی اگر عورت کے نام میں غلطی کی ہاں اگر عورت حاضر ہو اور اس کی طرف اشارہ کیا جائے تو اگرچہ اس کے باپ کے نام میں غلطی ہو جائے کچھ نقصان نہیں کہ اشارہ کرنے سے جو پہچان حاصل ہوتی ہے وہ اس سے قوی ہے جو نام لینے سے ہو کہ یہ نام دوسری عورت کا بھی ہوگا لہٰذا اشارہ کے ساتھ نام کا کچھ اعتبار نہیں جیسے نماز میں یوں نیت کرے کہ اس امام زید کے پیچھے اور وہ واقع میں عمرو ہو نماز ہو جائے گی۔